نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے جنوری کے پہلے پندھرواڑے کے دوران گندم کی فصل کی بہتر نگہداشت کے لئے شفارشات جاری کردیں

لاہور: 29 دسمبر 2024( ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ کپاس، مکئی اور کماد کے بعد وریال زمینوں میں گندم کی فصل کو پہلا پانی شگوفے نکلتے وقت یعنی بوائی کے 20 تا25 دن بعد کریں اور دھان کے بعد کاشتہ فصل کو35 تا45 دن بعد آبپاشی کریں اور چھٹی کاشت کے بعد پہلا پانی بوائی کے 25 تا30 دن بعد لگائیں۔گندم کو بقایا نائٹروجن پہلے اور دوسرے پانی کے ساتھ برابر اقساط میں استعمال کریں جبکہ ریتلے علاقوں میں تین برابر اقساط میں ڈالیں۔گندم کی جڑی بوٹیوں کی تلفی از حد ضروری ہے کیونکہ یہ گندم کی پیداوار میں 10 تا42 فیصد کمی کرسکتی ہیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ آبپاش علاقوں میں چوڑے پتوں اور نوکیلے پتوں والی جڑی بوٹیوں کی تلفی کیلئے محکمہ زراعت کے مقامی عملے کے مشورے سے جڑی بوٹی مار زہروں کا سپرے کریں۔سپرے کے دوران کسی بھی دوہری جگہ سپرے نہ کریں اور نہ کوئی خالی جگہ رہے۔تیز ہوا، دھند یا بارش والے دن سپرے نہ کیا جائے اور جڑی بوٹی مار زہروں کے سپرے کیلئے 100 تا120 لٹر پانی فی ایکڑ استعمال کریں۔معیاری سپرے کیلئے مخصوص نوزل فلیٹ فین یا ٹی جیٹ نوزل کا استعمال کریں۔کاشتکار زہر کے چھڑکاؤ کے بعد گوڈی یا بار ہیرو کے استعمال سے پرہیز کریں۔کاشتکار سپرے کے دوران ماسک اور ہاتھوں میں دستانے ضرور پہنیں اور ہوا کے مخالف رُخ سپرے نہ کریں۔کاشتکار تمام کاشتی اُمور محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کو مدِ نظر رکھتے ہوئے سرانجام دیں۔

☆☆☆☆